والمقصود من هذه الآية أن تكون فرقة من الأمة متصدية لهذا الشأن، وإن كان ذلك واجبا على كل فرد من الأمة بحسبه، كما ثبت في صحيح مسلم عن أبي هريرة قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: "من رأى منكم منكرا فليغيره بيده، فإن لم يستطع فبلسانه، فإن لم يستطع فبقلبه، وذلك أضعف الإيمان". وفي رواية: "وليس وراء ذلك من الإيمان حبة خردل". اهـ

ترجمہ: اس آیت کا مقصد، اس کام میں امت کی ایک جماعت کا مصروف رہنا۔ مگر ہاں یہ امت کے ہر ایک فرد پر اپنی اپنی قدرت کے مطابق فرض ہے۔ جیسے صحیح مسلم میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے۔ وہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ:

(من رأى منكم منكرا فليغيره بيده فان لم يستطع فبلسانه فان لم يستطع فبقلبه وذلك اضعف الايمان)

ترجمہ: تم میں سے اگر کوئی کسی برائی کو دیکھے تو وہ اسے اپنے ہاتھ سے (طاقت سے) روکے۔ اگر اس پر قادر نہ ہو تو اپنی زبان سے روکے۔ اگر اس پر بھی قادر نہ ہو تو اپنے دل سے روکے۔ اور یہ (دل سے روکنا) کمزور ترین ایمان ہے۔

دوسری روایت میں ہے:

''وليس وراء ذلک من الايمان حبة خردل''

ترجمہ: اس (دل سے روکنا) کے علاوہ سرسوں کے دانے کی برابر بھی ایمان نہیں ہے۔

(تفسیر ابن کثیر ص۹۱ ج۲)

ابن کثیر رحمۃ اللہ علیہ کے قول سے یہ واضح ہوتا ہے کہ امر بالمعروف نہی عن المنکر امت کے ہر فرد پر ہی فرض ہے۔ ہر ایک پر اپنی اپنی طاقت کے مطابق۔

۲: امام نووی رحمۃ اللہ علیہ:

قال العلماء: ولا يختص الأمر بالمعروف والنهي عن المنكر بأصحاب الولايات، بل ذلك جائز لآحاد المسلمين. قال إمام الحرمين: والدليل عليه إجماع المسلمين، فإن غير الولاة في الصدر الأول والعصر الذي يليه كانوا يأمرون الولاة بالمعروف وينهونهم عن المنكر، مع تقرير المسلمين إياهم وترك توبيخهم على التشاغل بالأمر بالمعروف والنهي عن المنكر من غير ولاية، والله أعلم.

ترجمہ: علماء فرماتے ہیں کہ امر بالمعروف نہی عن المنکر حکومت کے ساتھ خاص نہیں ہے۔ بلکہ عام مسلمانوں کیلئے بھی یہ جائز ہے۔ امام الحرمین رحمہ اللہ فرماتے ہیں: اس کی دلیل، امت مسلمہ کے اجماع ہے۔ کیونکہ صحابہ رضی اللہ عنہم اور ان کے بعد کے مسلمان حکمران کے علاوہ بھی عوام الناس امر بالمعروف نہی عن المنکر کا فریضہ ادا کرتے تھے۔ امت مسلمہ اسے تائید کرتے ہیں-ان کے پاس حکومت اور اقتدار نہ ہونے کے باوجود امر بالمعروف نہی عن المنکر کو انجام دینے کی وجہ سے ان کی کسی نے ملامت نہیں کی۔ واللہ اعلم۔

(شرح مسلم للنووی رحمہ اللہ ص۲۳ج۲)

دیکھئے!(امر بالمعروف نہی عن المنکر صرف حکمران طبقے کیلئے نہیں ہے بلکہ عام مسلمانوں کیلئے بھی وہ جائز ہے)

۳: امام جصاص رحمہ اللہ:-

قول اول:

باب فرض الأمر بالمعروف والنهي عن المنكر. مطلب: في أن الأمر بالمعروف والنهي عن المنكر فرض كفاية۔

قال الله تعالى: {ولتكن منكم أمة يدعون إلى الخير ويأمرون بالمعروف وينهون عن المنكر} ... قد حوت هذه الآية معنيين. أحدهما: وجوب الأمر بالمعروف والنهي عن المنكر. والآخر: أنه فرض على الكفاية ليس بفرض على كل أحد في نفسه إذا قام به غيره. لقوله تعالى: {ولتكن منكم أمة} وحقيقته تقتضي البعض دون البعض, فدل على أنه فرض الكفاية إذا قام به بعضهم سقط عن الباقين. اهـ

ترجمہ: باب، امر بالمعروف نہی عن المنکر فرض ہے۔

مطلب: امر بالمعروف نہی عن المنکر فرض کفایہ ہے۔

اللہ تعالی کا فرمان:

{وَلْتَكُنْ مِّنكُمْ أُمَّةٌ يَدْعُونَ إِلى الخَيْرِ وَيَأْمُرُونَ بِالمَعْرُوفِ وَيَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنكَرِ وَأُوْلَئِكَ هُمُ المُفْلِحُونَ}

یہ آیت کریمہ دو چیز سمجھا رہی ہے:

★ امر بالمعروف نہی عن المنکر فرض ہے۔

★ اور وہ فرض کفایہ ہے۔ بعض کے کر لینے سے باقیوں پر وہ فرض نہیں رہتا۔ کیونکہ اللہ تعالی نے فرمایا:(و لتکن منکم امة)(اس کام کیلئے) تم میں ایک جماعت ہونی چاہئے۔ جس کا تقاضی ہے کہ امت کا ایک حصہ،(سب نہیں)۔ تو اس سے پتہ چلتا ہے کہ یہ فرض کفایہ بعض کے کر لینے سے باقیوں کے ذمے سے وہ اتر جائے گا۔

(احکام القران: ص۳۷ج۲)

قول ثانی:۔

امر بالمعروف نہی عن المنکر کے حوالے سے بہت ساری آیتوں کو ذکر کرنے کے بعد علامہ موصوف فرماتے ہیں:

فهذه الآي ونظائرها مقتضية لإيجاب الأمر بالمعروف والنهي عن المنكر, وهي على منازل: أولها تغييره باليد إذا أمكن, فإن لم يمكن وكان في نفيه خائفا على نفسه إذا أنكره بيده فعليه إنكاره بلسانه, فإن تعذر ذلك لما وصفنا فعليه إنكاره بقلبه. اهـ

ترجمہ: یہ آیتیں اور اس جیسی دیگر آیتوں کا دعوی ہے کہ امر بالمعروف نہی عن المنکر فرض ہے۔ اس کے درجات مختلف ہیں۔ سب سے اعلیٰ درجہ ہے، اگر ممکن ہو تو طاقت کے ذریعہ سے منکر کو روکا جائے۔ اگر یہ ممکن نہ ہو اور طاقت کے استعمال سے جانی نقصان کا اندیشہ ہو تب زبان سے روکے۔ اگر مذکورہ وجے سے (یعنی نقصان کا اندیشہ سے) یہ بھی ممکن نہ ہو تو پھر دل سے روکے۔

(احکام القران: ص۳۸ج۲)

قول ثالث:۔

اس کے بعد اس بارے میں انہوں نے بہت ساری احادیث کا تذکرہ کیا۔ اور فرمایا:

وفي هذه الأخبار دلالة على أن الأمر بالمعروف والنهي عن المنكر لهما حالان: حال يمكن فيها تغيير المنكر وإزالته, ففرض على من أمكنه إزالة ذلك بيده أن يزيله; وإزالته باليد تكون على وجوه: منها أن لا يمكنه إزالته إلا بالسيف, وأن يأتي على نفس فاعل المنكر فعليه أن يفعل ذلك. كمن رأى رجلا قصده أو قصد غيره بقتله أو بأخذ مال أو قصد الزنا بامرأة أو نحو ذلك,

وعلم أنه لا ينتهي إن أنكره بالقول أو قاتله بما دون السلاح فعليه أن يقتله; لقوله ﷺ: "من رأى منكرا فليغيره بيده" , فإذا لم يمكنه تغييره بيده إلا بقتل المقيم على هذا المنكر فعليه أن يقتله فرضا عليه. وإن غلب في ظنه أنه إن أنكره بيده ودفعه عنه بغير سلاح انتهى عنه لم يجز له الإقدام على قتله, وإن غلب في ظنه أنه إن أنكره بالدفع بيده أو بالقول امتنع عليه, ولم يمكنه بعد ذلك دفعه عنه, ولم يمكنه إزالة هذا المنكر إلا بأن يقدم عليه بالقتل من غير إنذار منه له فعليه أن يقتله. اهـ

ترجمہ: یہ تمام احادیث دلیل ہے کہ امر بالمعروف نہی عن المنکر کی دوصورت ہے:

★ جب برائی کو روکنا ممکن ہو تو ایسی صورت میں طاقت کے ذریعے روکنے کی جس میں قدرت ہو تو اس پر فرض ہے طاقت سے اسے روکنا۔

طاقت سے روکنے کی مختلف صورت ہو سکتی ہے:

یا تو تلوار کا استعمال یا منکر میں مبتلا شخص کو قتل کئے بغیر اسے روکنا ممکن نہیں ہو گا۔ تو اس صورت میں ایسا کرنا ہی (یعنی تلوار کا استعمال کر کے اسے قتل کر دینا ہی) ضروری ہے۔

جیسے، کسی نے دیکھا کہ کوئی شخص اسے یا کسی اور کو قتل یا اس کے مال کو لوٹنا چاہتا ہے یا کسی عورت سے زنا کرنا چاہتا ہے۔ یا اس طرح کے کوئی اور جرم کرنا چاہتا ہے۔ اور اسے پتہ ہے کہ منہ سے یا بغیر اسلحہ کے روکنے سے وہ نہیں رکے گا۔ تو ایسی صورت میں اس پر ضروری ہے کہ وہ اسے قتل کر دے۔ کیونکہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ: "من رأى منكم منكرا فليغيره بيده"

ترجمہ: تم میں سے جو بھی کسی برائی کو دیکھے چاہئے کہ وہ اپنے ہاتھ (طاقت) سے اسے روکے۔

جب جرم پہ ڈٹے ہوئے شخص کو قتل کئے بغیر اسے روکنا ممکن نہ ہو تو اس وقت اس پر فرض ہے اسے قتل کر دینا۔

اور اگر اس کا غالب گمان ہو کہ بغیر اسلحہ کے خالی ہاتھ روکنے سے ہی وہ باز آجائے گا۔ تو تب اسے قتل کرنا جائز نہیں ہو گا۔

اور اگر غالب گمان یہ ہو کہ زبان سے یا خالی ہاتھ اسے روکنے جانے سے وہ اس کے خلاف مزاحمت کرے گا۔ اور اس کے بعد بغیر قتل کے اسے روکنا ممکن نہ ہو گا، تو اسے قتل کر دینا اس پر واجب ہے۔

(احکام القرآن ص ۴۸۵ ج ۲)

اسلحہ کا استعمال اور قتل کے بارے میں امام جصاص رحمۃ اللہ علیہ کے قول بالکل واضح ہے۔

قول رابع:۔

امام قرطبی رحمۃ اللہ علیہ:

فالمنكر إذا أمكنت إزالته باللسان للناهي فليفعله، وإن لم يمكنه إلا بالعقوبة أو بالقتل فليفعل، فإن زال بدون القتل لم يجز القتل، وهذا تلقي من قول الله تعالى: "فقاتلوا التي تبغي حتى تفيء إلى أمر الله". وعليه بنى العلماء أنه إذا دفع الصائل على النفس أو على المال عن نفسه أو عن ماله أو نفس غيره فله ذلك ولا شي عليه. ولو رأى زيد عمرا وقد قصد مال بكر فيجب عليه أن يدفعه عنه إذا لم يكن صاحب المال قادرا عليه ولا راضيا به.

ترجمہ: اگر زبان سے جرم کو روکا جاسکے تو زبان سے ہی روکے۔ اور اگر سزا یا قتل کے بغیر روکنا ممکن نہ ہو تو پھر اس کا انتظام کرے۔ بغیر قتل کے برائی سے روکنا جب ممکن ہو تو پھر قتل کرنا جائز نہیں ہے۔ اس مسئلہ کو اس آیت سے استنباط کیا گیا ہے:

"فقاتلوا التي تبغي حتى تفيء إلى أمر الله".

اسی کی بنیاد پر علماء اسلام نے فرمایا کہ کسی شخص کی جان ومال پر یا کسی دوسرے کی جان ومال پر اگر کوئی حملہ کرتا ہے تو اگر وہ اس حملہ آور کو روک سکتا ہے تو اس وجہ سے اس پر کوئی تاوان نہیں آئے گا۔ اگر زید نے عمرو کو دیکھا کہ وہ بکر کا مال لوٹنا چاہتا ہے تو اس وقت دیکھنا ہے کہ اگر مال کے مالک لوٹیرے کو روکنے پر قادر نہ ہو اور وہ مال دینے پر راضی بھی نہ ہو تو اس وقت زید پر فرض ہے بکر کو بچانا اور عمرو کو روکنا۔

(تفسیر قرطبی رحمۃ اللہ علیہ ص ۲۴۲ ج ۴)

امید ہے کہ ائمہ کے ان اقوال سے یہ بات کھل کر سامنے آگئی ہے کہ عوام اسلحہ یا قتل کی مدد سے برائی کو روک سکتا ہے۔

اللہ تعالیٰ ہمیں صحیح سمجھ عطا کرے۔ آمین!!!

قتل کی اقسام:

ما قبل کی بحث سے اتنا تو ضرور ہمیں معلوم ہو گیا کہ کن کن وجہوں سے ایک مسلمان کو قتل کیا جاسکتا ہے۔ یہاں پر اس کو اور بھی تفصیل سے وضاحت کی جائگی۔

جن وجہوں سے ایک مسلمان کو قتل کیا جاسکتا ہے، وہ سب ایک ہی نوعیت کی نہیں ہیں۔ بلکہ ان کی نوعیت اور اقسام الگ الگ ہے۔ بنیادی طور پر قتل مسلم کو ہم چار انواع اور اقسام میں تقسیم کر سکتے ہیں:

۱۔ قتل مسلم شرعی حد کے تحت۔

۲۔ قتل مسلم شرعی قصاص کے تحت۔

۳۔ قتل مسلم دفع صائل یعنی جان ومال اور عزت و آبرو کے تحفظ کے تحت۔

۴۔ قتل مسلم شرعی سیاست وتعزیر کے تحت۔

اول: حد کے تحت قتل مسلم:

حد کہتے ہیں شریعت کی طرف سے متعین کردہ شرعی سزا کو۔ جس میں اضافہ وترمیم اور تغیر و تبدل کی کوئی گنجائش نہیں رہتی۔ اور نہ ایک بار یہ ثابت ہوجانے کے بعد کوئی اسے معاف کرسکتا ہے۔ جیسے چور کا ہاتھ کاٹنا، ایک شرعی حد ہے۔ اس میں کسی قسم کی تبدیلی نہیں کی جاسکتی۔ ہاتھ کاٹنے کے بجائے قید وبندش یا کوئی اور سزا مقرر نہیں کی جاسکتی۔ اسی طرح قاضی کی عدالت میں دلیل و گواہ کی بنا پر چوری ثابت ہوجانے کے بعد چور کو معاف کردینا اور بغیر ہاتھ کاٹنے چھوڑ دینا، اس کی بھی کوئی گنجائش نہیں ہیں۔

احناف کے نزدیک چھ قسم کے جرائم کی سزا میں حد جاری ہوتی ہے:

۱: زنا۔

۲: شراب نوشی۔

۳: شراب کے علاوہ دوسری کسی نشہ آور اشیا کے استعمال سے اگر نشہ چڑھ جائے۔ البتہ اس کی سزا، شراب نوشی کی سزا کی مانند ہے۔ یعنی اسی کوڑے۔

۴: قذف یعنی کسی پاک دامن آزاد مسلمان پر زنا کا الزام لگانا۔

۵: چوری۔

۶: ڈاکے ڈالنا۔

علامہ ابن عابدین شامی ؒ (وفات ۱۲۵۲ھ) ابن کمال پاشا ؒ (وفات ۹۴۰ھ) سے نقل کرتے ہیں:

وهي ستة أنواع: حد الزنا، وحد شرب الخمر خاصة، وحد السكر من غيرها والكمية متحدة فيهما، وحد القذف، وحد السرقة، وحد قطع الطريق. اھ

ترجمہ: حد چھ قسم پر ہے:

۱: زنا کی حد۔

۲: شراب نوشی کی حد۔

۳: شراب کے علاوہ دوسری کسی نشہ آور اشیا کے استعمال سے نشہ چڑھ جانے کی حد، البتہ سزا کی مقدار دونوں میں ایک جیسا ہی ہے۔

۴: قذف یعنی زنا کے الزام لگانے کی حد۔

۵: چوری کی حد۔

۶: ڈاکے ڈالنے کی حد۔

(رد المحتار، ج۳ ص۴)

حد کے تحت جن لوگوں کو قتل کیا جائے گا

۱. شادی شدہ زانی یا زانیہ

انہیں رجم یعنی سنگسار سے قتل کیا جائے گا۔ اور اگر زانی یا زانیہ غیر شادی شدہ ہو تو سو کوڑے لگائے جائینگے۔ سو کوڑے لگانے کا حکم کتاب اللہ کی آیت سے اور رجم کا حکم حدیث رسول ﷺ سے ثابت ہے۔

اللہ تعالی کا ارشاد ہے:

اَلزَّانِيَةُ وَالزَّانِيْ فَاجْلِدُوْا كُلَّ وَاحِدٍ مِّنْهُمَا مِائَةَ جَلْدَةٍ ۠ وَّلَا تَاْخُذْكُمْ بِهِمَا رَاْفَةٌ فِيْ دِيْنِ اللّٰهِ اِنْ كُنْتُمْ تُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ ۚ وَلْيَشْهَدْ عَذَابَهُمَا طَاۗىِٕفَةٌ مِّنَ الْمُؤْمِنِيْنَ

"بدکاری کرنے والی عورت اور مرد سو مارو ہر ایک کو دونوں میں سے سو سو درے اور نہ آوے تم کو ان پر ترس اللہ کے حکم چلانے میں اگر تم یقین رکھتے ہو اللہ پر اور پچھلے دن پر اور دیکھیں ان کا مارنا کچھ لوگ مسلمان" [سورۃ نور: ۲]

حدیث میں آیا ہے:

لا يحل دم امرئ مسلم يشهد أن لا إله إلا الله وأني رسول الله إلا بإحدى ثلاث النفس بالنفس والثيب الزاني والمارق من الدين التارك للجماعة

ترجمہ: جو مسلمان یہ گواہی دیتا ہو کہ اللہ کے علاوہ اور کوئی الہ نہیں ہیں اور میں اللہ کے رسول ہوں، تو تین وجہ میں سے کسی ایک کے علاوہ اس کا خون حلال نہیں ہے: جان کے بدلے میں جان، شادی شدہ زناکار اور مسلمانوں کی جماعت سے نکل جانے والا بے دین (مرتد)۔

(صحیح بخاری: ح۶۴۸۴، صحیح مسلم: ح۴۴۶۸)

اسلام میں رجم یعنی سنگسار کی ابتداء سب سے پہلے یہودیوں سے شروع ہوئی۔ دو یہودی مرد و عورت نے بدکاری کی۔ یہودیوں نے حضور ﷺ کے نزدیک اس معاملے کو لیکر آئے۔ آپ ﷺ نے ان دونوں کو رجم یعنی سنگسار کیا اور فرمایا:

اللهم اني اول من أحيا امرك اذا اماتوه۔

ترجمہ: اے اللہ جب انہوں نے آپ کا حکم مٹا دیا تھا تو سب سے پہلے میں نے ہی اسے زندہ کیا۔

(صحیح مسلم: کتاب الحدود، باب: الرجم الیہود۔ صحیح بخاری: کتاب الحدود، باب: الرجم فی البلاط)

معاذ اسلمی رضی اللہ عنہ زنا میں مبتلا ہوگئے۔ انہوں نے توبہ کر کے شرمندہ ہو کر آپ ﷺ کے نزدیک اپنی خطا کو اقرار کرتے ہوئے حد قائم کرنے کو کہا۔ آپ ﷺ نے ان کو لوٹا دیا۔ پر انہوں نے بار بار حد قائم کرنے کی درخاست کرتے رہے۔ اس طرح چار مرتبہ ہونے کے بعد آپ ﷺ نے ان کے بارے میں رجم کا حکم دیا۔ جس کے بعد ان کو رجم کر کے قتل کر دیا گیا۔

(صحیح مسلم: كتاب الحدود، باب: من اعترف علي نفسه بالزنا۔)

قبیلہ جہینہ کی ایک عورت سے زنا ہو گیا۔ انہوں نے توبہ کر کے آپ ﷺ کے پاس حد قائم کرنے کا اپیل کیا۔ ان کے اقرار کی بنیاد پر انہیں بھی معاذ اسلمی رضی اللہ عنہ کی طرح سنگسار کر کے قتل کر دیا گیا۔

(صحیح مسلم: كتاب الحدود، باب: من اعترف علي نفسه بالزنا)

کسی جگہ پر ایک آدمی نوکر تھا۔ اس نے اپ نے آقا کی بیوی کے ساتھ منہ کالا کر لیا۔ ان دونوں کے اقرار کے مطابق آپ ﷺ نے ان پر حد زنا قائم کیا۔ نوکر غیر شادی شدہ ہونے کی وجہ سے اسے سو کوڑے لگائے گئے۔ اور ایک سال کے جلاوطن کیا۔ اور اس کی آقا کی بیوی شادی شدہ ہونے کی وجہ سے اسے سنگسار کر کے قتل کر دیا گیا۔

(صحیح بخاری: كتاب الشروط، باب الشروط التى لا تحل فى الحدود۔ صحیح مسلم: كتاب الحدود، باب: من اعترف علي نفسه بالزنا)

یاد رہے کہ! احناف کے نزدیک یہ جلاوطن کی سزا حد زنا میں شامل نہیں ہے۔ بلکہ یہ سیاست کے اعتبار سے ہے۔ اگر امام المسلمین کسی کو جلاوطن کرنا مناسب سمجھے تو وہ یہ کر سکتے ہیں۔ ورنہ جلاوطن کرنا ضروری نہیں ہے۔ اور اگر جلاوطن کی وجہ سے زانی کا مرتد یا گمراہ یا پھر دوسروں کو نقصان

پہنچانے کا اندیشہ ہو یا اس طرح کا دوسرے کسی شر کا اندیشہ ہو تو ایسی حالت میں جلاوطن کرنا مناسب نہیں ہو گا۔

(دیکھئے! شرح المختصر الطحاوی، ج ٦ ص ١٦٢-١٦٣۔ بدائع الصنائع: ج ۵ ص ۴۹٦)

٢. قزآق وڈاکو۔

اصلا قزآق وڈاکو کہہ کر جن کو سمجھایا جاتا ہے، وہ ہے جو چلتی سڑک کے آس پاس چھپ کر رہتے ہیں۔ اور سڑک سے گزرنے والے مسافروں پر حملہ کرکے ان کے مال و دولت لٹ لیتے ہیں۔ یہانتک کہ مال کی خاطر مسافروں کو زخمی یا قتل تک کر بیٹھتے ہیں۔ عموما فقہ کی اصطلاح میں ڈاکوؤں سے اس طرح کا ڈاکو سمجھایا جاتا ہے۔ البتہ ائمہ کرام نے ان لوگوں کو بھی ڈاکوؤں میں شمار کیا ہے جو کسی قسم کی تاویل کے بغیر فقط مال و دولت اور حکومت کے لالچ میں آکر امام المسلمین کے خلاف بغاوت کرتے ہیں۔ فاسق، ظالم یا مرتد حکمراں کو معزول کرکے انصاف پسند قابل شخصیت کو حکمراں بنانا ان کا مقصد نہیں ہوتا بلکہ مال و دولت اور کرسی پر بیٹھنا، راج کرنا ہی ان کا مقصد ہوتا ہے۔

البتہ سب طرح کے ڈاکوؤں کو قتل کی سزا نہیں دی جائے گی۔ ڈاکہ ڈالنے کی سزا اس کی مقدار اور نوعیت کے اعتبار سے مختلف ہوتی ہے:

★ اگر ڈاکہ ڈالتے وقت کسی کو قتل کردے تو حد کے طور پر اسے بھی قتل کر دیا جائے گا۔

★ اگر قتل کے ساتھ ساتھ مال بھی لٹا تھا تو اس صورت میں سولی پر چڑھا کر ڈاکو کو قتل کر دیا جائے گا۔ یا پھر قتل کر دینے کے بعد تین دن تک سولی پر لٹکا کر رکھا جائے گا۔

★ اگر قتل نہ کرکے فقط مال لٹ لے تو الٹی طرف سے ہاتھ و پاوں کانٹ دیا جائے گا۔ یعنی دایا ہاتھ اور بایا پاوں۔

★ اور اگر قتل بھی نہ کرے اور مال بھی نہ لٹے بلکہ اس سے پہلے ہی پکڑا جائے تو اس صورت میں پکڑنے کے بعد اولا اسے مارا جائے گا۔ اس کے بعد جیل میں بند کرکے رکھا جائے گا۔ جب توبہ کرکے اچھا ہو جائے اور چہرے و چال چلن سے توبہ کی صریح علامت ظاہر ہونے لگے تو تب اس کو چھوڑ دیا جائے گا۔ ورنہ تا موت قید کرکے رکھا جائے گا۔

اللہ تعالی کا فرمان ہے:

اِنَّمَا جَزٰٓؤُا الَّذِيْنَ يُحَارِبُوْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَيَسْعَوْنَ فِي الْاَرْضِ فَسَادًا اَنْ يُّقَتَّلُوْٓا اَوْ يُصَلَّبُوْٓا اَوْ تُقَطَّعَ اَيْدِيْهِمْ وَاَرْجُلُهُمْ مِّنْ خِلَافٍ اَوْ يُنْفَوْا مِنَ الْاَرْضِ ذٰلِكَ لَهُمْ خِزْيٌ فِي الدُّنْيَا وَلَهُمْ فِي الْاٰخِرَةِ عَذَابٌ عَظِيْمٌ

"یہی سزا ہے ان کی جو لڑتے ہیں اللہ سے اور اس کے رسول سے اور دوڑتے ہیں ملک میں فساد کرنے کو کہ ان کو قتل کیا جائے یا سولی چڑھائے جاویں یا کاٹے جاویں انکے ہاتھ اور پاؤں مخالف جانب سے یا دور کر دیئے جاویں اس جگہ سے یہ ان کی رسوائی ہے دنیا میں اور ان کے لیے آخرت میں بڑا عذاب ہے"

[سورۃ مائدۃ:۳۳]

فائدہ: اگر ایک یا ایک سے زائد آدمی جماعت کی شکل میں ڈاکہ ڈالے تو ہر ایک پر برابر کی سزا لاگو ہو گی۔ جیسے کسی نے مال لٹا یا قتل کیا اور کسی نے پہرا دینے کام سرانجام دیا۔ تو حد کے طور پر سب ہی لوگوں کو قتل کر دیا جائے گا۔ قاتل کو بھی قتل کر دیا جائے گا اسی طرح پہرا دینے والوں کو بھی قتل کر دیا جائے گا۔ کیونکہ قاتل پہرا دینے والوں کی مدد کی وجہ سے ہی قتل کرنے پر قادر ہوا۔ اس لئے قتل میں سب ہی ملوث ہے۔ اور سب پر ہی قتل کی سزا لاگو ہو گی۔

ڈاکو و قزاقوں کی یہ سزائیں حد میں شامل ہے۔ اس لئے کوئی اسے معاف نہیں کر سکتا۔ کیونکہ حدود اللہ کا حق ہے۔ کوئی اسے معاف کرنے کا اختیار نہیں رکھتا۔ البتہ اگر یہ لوگ پکڑا جانے سے پہلے ہی توبہ کر کہ از خود امام المسلمین کے پاس اپ نے اپ کو سرنڈر کر دے، تو اس وقت اللہ کا حق حد معاف ہو جائے گی۔ کیونکہ اللہ تعالی کا فرمان ہے:

اِلَّا الَّذِيْنَ تَابُوْا مِنْ قَبْلِ اَنْ تَقْدِرُوْا عَلَيْهِمْ ۚ فَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ

مگر جنہوں نے توبہ کی تمہارے قابو پانے سے پہلے تو جان لو کہ اللہ تعالیٰ بخشنے والا مہربان ہے۔

[سورۃ مائدۃ:۳۴]

اللہ تعالی کا حق معاف ہو جانے کے بعد بھی بندوں کا حق ان لوگوں پر رہ جائے گا۔ اسلئے اس وقت حقوق العباد کی وجہ سے لٹے ہوئے اموال کو لوٹانا پڑے گا۔ کسی کو زخمی یا کسی کا عضو ضائع کرنے سے اس کا بدلہ لیا جائے گا۔ اور قتل کرنے سے قصاص کا حکم لاگو ہو گا۔

ان دو جرائم کے حد ہونے میں ائمہ کرام میں کوئی اختلاف نہیں ہے۔ اس کے علاوہ اور بھی کئے جرائم ہیں جن کے حد ہونے یا نہ ہونے میں اختلاف ہے:

۳: ہم جنس پرستی۔

۴: تارک صلوۃ۔

۵: گستاخ نبی ﷺ۔

۴: ہم جنس پرستی

انسانی تاریخ کا ایک انتہائی شرمناک اور گھناؤنے جرم ہے۔ اس جرم میں سب سے پہلے حضرت لوط علیہ السلام کی قوم مبتلا ہوئے۔ ان سے پہلے کسی کو اس گھناؤنے کام کا خیال تک نہیں آیا تھا۔ اللہ تعالی نے ان لوگوں کو اتنے دردناک طریقے سے ہلاک کیا تھا کہ کسی دوسری قوم کو نہیں کیا۔

اللہ تعالی کا فرمان ہے:

وَلُوْطًا اِذْ قَالَ لِقَوْمِهٖٓ اَتَاْتُوْنَ الْفَاحِشَةَ مَا سَبَقَكُمْ بِهَا مِنْ اَحَدٍ مِّنَ الْعٰلَمِيْنَ اِنَّكُمْ لَتَاْتُوْنَ الرِّجَالَ شَهْوَةً مِّنْ دُوْنِ النِّسَآءِ بَلْ اَنْتُمْ قَوْمٌ مُّسْرِفُوْنَ وَمَا كَانَ جَوَابَ قَوْمِهٖٓ اِلَّآ اَنْ قَالُوْٓا اَخْرِجُوْهُمْ مِّنْ قَرْيَتِكُمْ اِنَّهُمْ اُنَاسٌ يَّتَطَهَّرُوْنَ فَاَنْجَيْنٰهُ وَاَهْلَهٗٓ اِلَّا امْرَاَتَهٗ كَانَتْ مِنَ الْغٰبِرِيْنَ وَاَمْطَرْنَا عَلَيْهِمْ مَّطَرًا فَانْظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُجْرِمِيْنَ

"اور بھیجا لوط کو جب کہا اس نے اپنی قوم کو کیا تم کرتے ہو ایسی بے حیائی کہ تم سے پہلے نہیں کیا اس کو کسی نے جہان میں تم تو دوڑتے ہو مردوں پر شہوت کے مارے عورتوں کو چھوڑ کر، بلکہ تم لوگ ہو حد سے گزرنے والے اور کچھ جواب نہ دیا اس کی قوم نے مگر یہی کہا کہ نکالو ان کو اپنے شہر سے یہ لوگ بہت ہی پاک رہنا چاہتے ہیں، پھر بچا دیا ہم نے اس کو اور اس کے گھر والوں کو مگر اس کی عورت کہ رہ گئی وہاں کے رہنے والوں میں، اور برسایا ہم نے ان کے اوپر مینہ یعنی پتھروں کا، پھر دیکھ کیا ہوا انجام گنہگاروں کا۔"

(الاعراف: ۸۰-۸۴)

وَاَمْطَرْنَا عَلَيْهِمْ مَّطَرًا ۚ فَسَآءَ مَطَرُ الْمُنْذَرِيْنَ

"اور برسا دیا ہم نے ان پر برساؤ پھر کیا برا برساؤ تھا ان ڈرائے ہوؤں کا"

(النمل: ۵۸)

فَلَمَّا جَآءَ اَمْرُنَا جَعَلْنَا عَالِيَهَا سَافِلَهَا وَاَمْطَرْنَا عَلَيْهَا حِجَارَةً مِّنْ سِجِّيْلٍ مَّنْضُوْدٍ ۙ

"پھر جب پہنچا حکم ہمارا کر ڈالی ہم نے وہ بستی اوپر نیچے اور برسائے ہم نے اس پر پتھر کنکر کے تہ بہ تہ"

مُّسَوَّمَةً عِنْدَ رَبِّكَ ۭ وَمَا هِيَ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ بِبَعِيْدٍ

"نشان کئے ہوئے تیرے رب کے پاس اور نہیں ہے وہ بستی ان ظالموں سے کچھ دور۔"

(الھود: ۸۲-۸۳)

فَاَخَذَتْهُمُ الصَّيْحَةُ مُشْرِقِيْنَ ۙ

"پھر آ پکڑا ان کو چنگھاڑ نے سورج نکلتے وقت"

فَجَعَلْنَا عَالِيَهَا سَافِلَهَا وَاَمْطَرْنَا عَلَيْهِمْ حِجَارَةً مِّنْ سِجِّيْلٍ ط

"پھر کر ڈالی ہم نے وہ بستی اوپر تلے اور برسائے ان پر پتھر کھنگر کے"

اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّلْمُتَوَسِّمِيْنَ

"بیشک اس میں نشانیاں ہیں دھیان کرنے والوں۔"

(الحجر: ۷۳-۷۵)

حدیث میں ہم جنس پرستوں کو قتل کردینے کا حکم آیا ہے۔ رسول اللہ ﷺ کا ارشاد ہے:

(من وجدتموہ یعمل عمل قوم لوط فاقتلوا الفاعل والمفعول بہ)

ترجمہ: اگر کسی کو قوم لوط کے عمل کی طرح (ہم جنس پرستی) عمل کرتے ہوئے دیکھو، تو جس نے کیا اور جس کے ساتھ کیا یعنی فاعل و مفعول دونوں کو قتل کر ڈالو!

(ابوداؤد ح ۴۴۶۴-ترمذی، ح ۱۴۵۶)

البتہ ہم جنس پرستوں کی سزا کے بارے میں ائمہ کرام کے اختلاف ہے:

★ بعضوں کی رائے یہ ہے کہ انہیں ہر حال میں قتل کر دیا جائے گا۔

★ بعض کہتے ہیں کہ اس کی سزا زنا کی سزا جیسی ہے یعنی غیر شادی شدہ ہو تو سو کوڑے لگائے جائنگے۔ اور اگر شادی شدہ ہو تو رجم یعنی سنگسار کر کے قتل کر دے۔

ان کے نزدیک ہم جنس پرستی زنا کی مانند حدود اللہ میں شامل ہیں۔

★ چند دیگر ائمہ کے نزدیک ان کی سزا حدود اللہ میں شامل نہیں ہے۔ اور اس کی سزا زنا کی سزا کی مانند بھی نہیں ہے۔ اسی طرح ہر حال ان کو قتل کرنا بھی لازمی نہیں ہے۔ بلکہ اس کی سزا تعزیر میں شمار ہوتی ہے۔ اور تعزیر کہتے ہیں غیر متعینہ سزا کو۔ یعنی امام المسلمین جس طرح کی سزا کو مناسب سمجھے اسی طرح کی سزا دے سکتے ہیں۔ اگر مار و قید کے ذریعہ ان کے باز آجانا سمجھا جاتا ہو، تو اس پر ہی اکتفاء کرے۔ لیکن جو اس فعل کے عادی بن جائے انہیں قتل کر دیا جائے گا۔ خواہ شادی شدہ ہو یا نہ ہو۔

امام المسلمین ان لوگوں کو انتہائی عبرتناک اور سخت طریقے سے قتل کر دے جیسے:

۱: آگ سے جلا دے۔

۲: یا دیوار دھنسا کر اس میں دبانے کے ذریعہ قتل کرے۔

۳: یا اونچے پہاڑ یا عمارت کے اوپر سے نیچے پھینک دے، اور گرتے سمی ان پر پتھر برسائے۔ جیسا کہ قوم لوط کے ساتھ کیا گیا تھا۔

۴: یا پھر انتہائی بدبودار جگے میں قید کر کے رکھے جبتک نہ اس بدبو کی وجے سے ان کی موت آجائے۔

(دیکھئے! ھدایہ: ج۲ ص۵۱۶۔ فتح القدیر: ج۵ ص۲۴۹-۲۵۲۔ ردالمحتار: ج۴ ص۲۷)

فائدہ: اگر کوئی ہم جنس پرست مرتد نہ بھی ہو پھر بھی صرف اس ہم جنس پرستی کے جرم یا اس کے نشر و اشاعت کی پاداش میں انہیں قتل کر دینا ضروری ہے۔ ان جیسے ناپاک کیڑوں کو زمین میں زندہ رہنے کا کوئی حق نہیں ہے۔

۴: تارک صلوۃ۔

تارک صلوۃ کے بارے میں ائمہ کرام کے اختلاف ہے۔

احناف کے نزدیک تارک صلوۃ کو قید کر کے سزا دیتے رہنا۔ جبتک نماز پڑھنا شروع نہ کرے تب تک جیل میں بند کر کے سزا دیتے رہنا پڑے گا۔ پھر یا تو نماز پڑھنے پر راضی ہو گا ورنہ اسی طرح حالت قید میں مارا جائے گا۔

اور ائمہ ثلاثہ رحمۃ اللہ علیہم (مالک، شافعی، احمد) کے اقوال کے مطابق قید کرنے کے بعد اگر نماز پڑھنے پر راضی نہ ہو تو اسے قتل کر دیا جائے گا۔

البتہ قتل کس اعتبار سے کیا جائے گا اس میں اختلاف ہے۔ امام احمد رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک وہ اب مرتد ہے۔ سو مرتد ہونے کی وجے سے اسے قتل کر دیا جائے گا۔ اور امام مالک و شافعی رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک "حد" کے طور پر قتل کیا جائے گا۔ جیسا کہ شادی شدہ زناکار کو "حد" کے طور پر قتل کیا جاتا ہے۔ یعنی ان کے نزدیک تارک صلوۃ مرتد نہیں ہیں۔ البتہ زنا کی سزا کی مانند ترک صلوۃ کی سزا بھی قتل ہے۔

یعنی امام احمد رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک تارک صلوۃ مرتد ہے۔ مرتد ہونے کی وجے سے اسے قتل کیا جائے گا۔ اور باقی تین ائمہ کے نزدیک تارک صلوۃ مرتد نہیں ہے۔ البتہ امام مالک و شافعی رحمۃ اللہ علیہما کے نزدیک "حد" کے طور پر تارک صلوۃ کو قتل کر دیا جائے گا۔ اور امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک جیل میں قید کر کے سزا دیتے رہنا ہے۔

(دیکھئے! کتاب الصلوۃ وحکم تارکہ-ابن القیم رحمۃ اللہ علیہ (۷۵۱ھ) ص ۱۲-۱۳ص)

۵: رسول اللہ ﷺ کی شان میں گستاخی کرنے والا (شاتم رسول)

تمام ائمہ کرام اس بارے میں متفق ہے کہ عام مرتد کی سزا قتل ہے۔ البتہ اگر توبہ کرکے مسلمان ہوجائے تو اس کی توبہ معتبر ہے۔اور وہ قتل سے بچ جائے گا۔

رسول ﷺ کی شان میں گستاخی کرنے والا متفقہ طور مرتد ہے۔ البتہ عام مرتد توبہ کرکے مسلمان ہوجانے کے بعد اس کی توبہ قبول ہوتی ہے۔اور وہ قتل سے بھی بچ جاتا ہے۔ تو کیا گستاخ رسول ﷺ کیلئے بھی یہی حکم ہے؟ اس میں اختلاف ہے۔

مالکی اور حنبلی مذھب کے مطابق دنیا میں ان کی توبہ کا کوئی اعتبار نہیں ہوگا۔اسے ہر حال میں قتل کردیا جائے گا۔ کیونکہ ان کے نزدیک جو مرتد گستاخ رسول ﷺ ہو اس کی سزا حدود اللہ میں داخل ہے۔اور حدود اللہ توبہ سے معاف نہیں ہوتے۔ جیسے کسی کے بارے میں گواہ و ثبوت کے ذریعے زنا کا جرم ثابت ہوجانے کے بعد اگر وہ زانی توبہ کرلے تو اللہ تعالی اسے آخرت میں تو ضرور معاف کردینگے لیکن دنیا میں یقیناً اس پر حد زنا قائم کی جائے گی۔اسی طرح گستاخ رسول ﷺ (خواہ مسلم ہو یا کافر) توبہ کرکے مسلمان ہوجانے سے آخرت میں اسے اللہ تعالی کے پاس معافی مل جائے گی۔ لیکن دنیا میں ضرور اسے حد کے طور پر قتل کرنا پڑیگا۔

شوافع کے نزدیک گستاخ رسول کی سزا بعض صورتوں میں حدود اللہ میں داخل ہے (اس وقت وہ اگر توبہ کرکے مسلمان بھی ہوجائے تب بھی اسے قتل کردینا ضروری ہے۔) اور بعض صورتوں داخل نہیں ہے۔ (اس وقت توبہ کرکے مسلمان ہوجانے سے اسے معاف کردیا جائے گا۔)

احناف کے نزدیک وہ مرتد جو گستاخ رسول ہے، اس کا حکم عام مرتدوں کے حکم کی طرح ہی ہے۔ کہ یہ حدود اللہ میں داخل نہیں ہے۔ چنانچہ اگر وہ توبہ کرکے مسلمان ہوجائے تو اسے قتل نہیں کیا جائے گا۔ البتہ اگر کوئی ذمی گستاخی کے مرتکب ہونے کے بعد توبہ کرکے مسلمان ہوجائے تو اس کا حکم اس سے مختلف ہے۔اور وہ یہ ہے کہ اگر پکڑا جانے سے پہلے ہی توبہ کرکے مسلمان ہوجائے تو اس صورت میں اسے قتل نہیں کیا جائے گا-اور اگر پکڑا جانے کے بعد توبہ کرلے اور مسلمان بھی ہوجائے تو تب بھی اسے قتل کردینا ضروری ہے۔ پکڑا جانے کے بعد اس کی توبہ یہاں مقبول نہیں ہوگی۔

(دیکھئے! فتاوی شامی: ج ۴ ص ۲۳۳۔ باب المرتد: ج ۴ ص ۲۱۵۔ باب العشر والخراج والجزیہ۔)

دوم: قتل مسلم شرعی قصاص کے تحت:

اگر کوئی کسی کو قتل کر دے تو قتل کے بدلے میں اسے بھی قتل کر دینا۔یا کوئی کسی کا عضو ضائع کر دے تو اس کے بدلے میں اس کے بھی وہی عضو ضائع کر دینا، اس کو قصاص کہتے ہیں۔البتہ ہماری اس بحث میں قصاص سے صرف "قتل کے بدلے قتل" مراد ہے۔

کوئی مسلمان کسی کو ناحق قتل کرنے سے اس پر قصاص کا قانون جاری ہوتا ہے۔البتہ اس میں چند شرائط بھی ہے۔چنانچہ کسی کو کوئی قتل کرنے سے اس کے بدلے میں شرط و شرائط دیکھے بغیر بھی قاتل کو قتل کر دینا جائز نہیں ہے۔

ہم بنیادی طور پر قانون قصاص جاری ہونے کیلئے دو شرطیں ہیں کہہ سکتے ہیں:

پہلی شرط:

جسے قتل کیا گیا یعنی مقتول کا "محقون الدم علی التأبید" ہونا۔یعنی ایسا شخص ہونا جسے شریعت نے امن دے رکھا ہو۔اور کسی شرعی علت کے علاوہ ہمیشہ کیلئے اسے قتل کرنا حرام قرار دیا ہو۔

مذکورہ اصول کے تحت ذیل میں مذکور لوگوں کو قتل کرنے سے قصاص کا قانون جاری نہیں ہوگا:

۱: حربی یعنی ایسا کافر جس کے ساتھ مسلمانوں کا کوئی معاہدہ نہیں ہے۔

۲: معاہَد یعنی ایسا کافر جس کے ساتھ ایک متعین وقت تک جنگ بندی کا معاہدہ ہوا ہو۔

۳. مستأمن یعنی ایسا کافر جو مسلمانوں سے اجازت لیکر عارضی طور پر دارالاسلام میں آیا ہو۔

ان لوگوں کو قتل کرنے سے قصاص کا قانون جاری نہیں ہوتا۔یعنی اگر کوئی مسلمان مذکورہ تین قسم کے کفار میں سے کسی کو قتل کر دے تو بدلے میں اس مسلمان کو قصاصاً قتل نہیں کیا جائے گا۔کیونکہ اس طرح کے کافروں کی جان ومال اپنی اصل کے اعتبار سے مسلمانوں کیلئے حلال ہے۔بنیادی طور پر انہیں قتل کرنا بھی جائز ہے۔اور ان کے مال و دولت کو لوٹنا بھی جائز ہے۔

اصلی حربی یعنی جن کافروں سے مسلمانوں کا کوئی معاہدہ نہیں ہے ان کے بارے میں تو یہ بات بالکل واضح ہے۔اور باقی دو قسم کے کافر یعنی معاہَد و مستأمن اگرچہ عارضی طور پر ان کو قتل کرنا جائز

نہیں ہے معاہدہ اور امن دینے کی وجہ سے۔ لیکن اصلا ان کے جان ومال مسلمانوں کیلئے حلال ہے۔ معاہدہ اور امن کے میعاد ختم ہوتے ہی دیگر حربی کفار کی طرح ان کو بھی قتل کرنا اور ان کے اموال کو لٹنا حلال ہو جائے گا۔ چنانچہ ان کے جان ومال ہمیشہ کیلئے محفوظ نہیں ہیں۔ اسی لئے ان کے قتل سے کسے مسلمان پر قصاص کا حکم جاری نہیں ہو گا۔ البتہ معاہدہ اور امن کے میعاد ختم ہونے سے پہلے ہی قتل کرنے کی وجہ سے وہ مسلمان گناہگار ہو گا۔

کفار کی چوتھی قسم، ذمی: یعنی مسلمانوں کے ماتحت جزیہ دے کر دار الاسلام میں رہنے والا کافر۔ ان کو قتل کرنے سے متعلقہ مسلمان شخص پر قصاص کا حکم جاری ہو گا یا نہیں اس بارے میں ائمہ کرام میں اختلاف ہے۔

۴: مرتد۔ کیونکہ اس کی جان کی حرمت ختم ہو چکی ہے۔ اور اسے قتل کرنا فرض بھی ہے۔

* ایسے مسلمانوں کو قتل کرنے سے قاتل پر قصاص کا حکم جاری نہیں ہوتا ہے جو نکہ قابل قتل کوئی جرم میں مبتلا ہے اور وہ جرم ملزموں کے اپنے اقرار یا شرعی گواہ وثبوت کے ذریعے سے ثابت ہو چکا ہے۔ اور ساتھ ساتھ دار الاسلام کے شرعی قاضی نے انہیں قتل کرنے کا فیصلہ بھی جاری کر دیا ہو۔

جیسے:

۵: شادی شدہ زناکار مرد وعورت دونوں۔

6: قزآق وڈاکو۔(مرد وعورت دونوں)۔

چنانچہ اگر شرعی قاضی زنا یاڈاکے کی وجہ سے کسی مسلمان شخص کو قتل کرنے کا حکم جاری کیا ہو اس کے بعد حکومتی جلاد یا قتل سے متعلق ذمہ داران کے علاوہ کوئی اور عام مسلمان انہیں قتل کر دے ۔ تو اس صورت میں مذکورہ اس عام مسلمان پر قصاص کا حکم جاری نہیں ہو گا۔ یعنی قتل کے بدلے قاتل کو قتل نہیں کیا جائے گا۔ کیونکہ مسلمان کی جان ومال حرام اور محفوظ ہونے کے باوجود اس نے جس مسلمان کو قتل کیا ہے وہ اب محفوظ نہیں ہے۔ بلکہ شرعی اعتبار سے وہ اب قابل قتل ہے۔ اسی لئے اسے قتل کرنے سے قصاص واجب نہیں ہو گا۔ البتہ قاضی صاحب کی اجازت کے بغیر از خود قتل کرنے کی وجہ سے اس پر تعزیر کی سزا جاری ہو گی۔ لیکن اگر قاضی صاحب کے فیصلے سے پہلے ہی ایسے شخص کو کوئی قتل کر دے تو پھر اس کا حکم الگ ہے۔

دوسری شرط:

قتل عمد ہونا، یعنی جان بوجھ کر قصداً قتل کرنا۔ چنانچہ کوئی مسلمان کسی دوسرے مسلمان کو انجانے میں یا بھولے سے قتل کر دے تو اس قتل سے قاتل پر قصاص کا حکم جاری نہیں ہو گا۔ البتہ خون بہا یعنی دیت دینی پڑیگی۔ اور استغفار کرنا پڑیگا۔ اللہ کے پاس اس کیلئے معافی مانگنی پڑیگی۔

یاد رہے کہ ! جسے قتل کیا گیا ہے اس کے ولی کو یہ اختیار ہے کہ اگر وہ چاہے تو جس طرح قاتل کو قتل بھی کر سکتے ہیں اسی طرح قاتل کو قتل نہ کر کے معاف بھی کر سکتے ہیں۔ اور اگر چاہے تو قتل کے بدلے دیت بھی لے سکتے ہیں۔ البتہ دیت لینے میں قاتل کی رضامندی ضروری ہے یا نہیں اس بارے میں ائمہ کرام میں اختلاف ہے۔

خلاصہ یہ ہے کہ مرتد کو اور ذمی کے علاوہ دوسرے کسی کافر کو قتل کرنے سے قصاص واجب نہیں ہو گا۔ ذمی کو قتل کرنے سے قصاص واجب ہو گا یا نہیں اس میں اختلاف ہے۔ اور جن مسلمانوں کے بارے میں زنا یا ڈاکے میں ملوث ہونے کی وجہ سے شرعی قاضی کی طرف سے قتل کا حکم جاری ہوا ہے۔ ایسے مسلمانوں کو قتل کرنے سے بھی قصاص واجب نہیں ہو گا۔ جن لوگوں کو قتل کرنے سے قصاص واجب ہوتا ہے تو ان مقتولوں کے ولیوں کے لئے یہ اختیار ہے کہ وہ اگر چاہے تو قصاص یعنی قاتل کو قتل نہ کروا کر معاف بھی کر سکتے ہیں یا دیت بھی لے سکتے ہیں۔

البتہ "حد" اس کے برعکس ہے۔ کیونکہ حدود اللہ کو معاف کرنا یا اس کے بدلے میں دیت یا پیسہ لینے کی کوئی گنجائش نہیں۔

(فتوی شامی: ج۵ ص ۵۳۴،۵۳۲۔ فی ما یوجب القواد ومالا یوجبه۔ هدایه: ج۲ ص۲۰۲۔ باب الشهادت علی الزنا و الرجوع عنها۔ فتح القدیر: ج۵ ص416۔ باب قطع الطریق۔ احکام القرآن للجصاص: ج۱ص174۔ سورہ بقرہ، آیت القصاص۔)

سوم: دفع الصائل یعنی جان ومال اور عزت وآبرو کے تحفظ کے تحت قتل مسلم:

ہم نے ماقبل میں بتایا تھا کہ اگر کوئی کسی کے جان ومال اور عزت وآبرو پر حملہ آور ہو اور اس حملہ آور کو قتل کئے بغیر جان ومال اور عزت وآبرو کو بچانا ممکن نہ ہو تو اس صورت میں اسے قتل کر دینا ہے۔

تمام آسمانی ادیان میں "ضروریات خمسہ" یعنی دین ودہرم، جان ومال، عزت وآبرو، حسب ونسب اور عقل وہنر کی حفاظت کو ضروری قرار دیا گیا ہے۔ امام شاطبی رحمۃ اللہ علیہ (۷۹۰ ھ) ارقام کرتے ہیں:

قد اتفقت الأمة بل سائر الملل على أن الشريعة وضعت للمحافظة على الضروريات الخمس وهي: الدين، والنفس, والنسل، والمال، والعقل وعلمها عند الأمة كالضروري.

ترجمہ: امت مسلمہ بلکہ تمام آسمانی مذاھب اس پر متفق ہے کہ شریعت کے وجود ضروریات خمسہ یعنی دین ودہرم، جان ومال:، نسل اور عقل وہنر کی حفاظت کیلئے ہے۔ پوری امت کے نزدیک یہ بات روز روشن کی طرح واضح ہے۔

(الموافقات: ج۱ص ۳۱۔)

اسی وجے سے کوئی شخص خواہ مسلمان ہو یا کافر کسی مسلمان کی جان ومال اور عزت وآبرو پر حملہ آور ہونے سے اسے روکنا فرض ہے۔ اگر بغیر قتل کے روکنا ممکن نہ ہو تو حملہ آور کو قتل کردینا ہے۔اور اس قتل کی وجے سے اس مظلوم قاتل پر کسی بھی قسم کا کوئی جرمانہ عائد نہیں ہوگا۔ بلکہ اللہ تعالی کے یہاں اسے بے شمار ثواب حاصل ہوگا۔اور اگر حملہ آور کو روکتے ہوئے وہ خود ہی قتل ہوجائے تو وہ شہیدوں میں شمار ہوگا۔

جس کے جان ومال یا عزت وآبرو پر حملہ ہوا ہے اپنے بچاؤ کیلئے قدم اٹھانا جس طرح اس کی ذمے داری ہے اسی طرح دیگر مسلمان کی بھی ذمے داری ہے اس بچاؤ میں اس کی مدد کرنا۔

اس مسئلے کے متعلق قرآن وسنت کی دلیلیں اور ائمہ کرام کے اقوال ہم پہلے ہی بیان کرچکے ہیں اس لئے یہاں پر دوبارہ اس کو بیان نہیں کیا جائے گا۔ سمجھنے میں آسانی کیلئے ذیل میں چند صورتوں کا تذکرہ کیا جاتا ہے:

۱: اگر کوئی شخص کسی مسلمان کو قتل کرنے کیلئے آئے خواہ وہ شخص اپنے باپ ہی کیوں نہ ہو، اور اس حملہ آور کو قتل کئے بغیر اس کے ہاتھ سے اپنے کو بچانا ممکن نہ ہو تو اس صورت میں اس حملہ آور کو قتل کردیا جائے گا۔اسی طرح اگر کوئی کسی کا کوئی عضو ضائع کرنا چاہتا ہو اور حال یہ ہے کہ اسے قتل کئے بغیر اس کے ہاتھ سے اپنے عضو کے ضیاع کو روکنا ممکن نہ ہو، تو اسے بھی قتل کردیا جائے گا۔

۲: اگر کوئی کسی خاتون یا نوعمر لڑکے کے ساتھ بدکاری کرنا چاہے اور حال یہ ہے کہ اسے قتل کئے بغیر اپنی عزت کے تحفظ ممکن نہیں تو اس صورت میں بھی اسے قتل کردیا جائے گا۔

اگر مرد وعورت دونوں باہمی رضامندی سے زنا میں مبتلا ہو اور بغیر قتل کے وہ اس بدکاری سے باز نہ آئے تو اس صورت میں بھی دونوں کو قتل کردیا جائے گا۔

۳: کوئی کسی کا مال چھیننا چاہتا ہو اور قتل کے بغیر اپنے اموال کی حفاظت ممکن نہ ہو تو اس حملہ آور کو قتل کر کے اپنے اموال کی حفاظت کرے۔

۴: اگر کسی کے مکان میں چور گھس آئے اور چور کو قتل کے بغیر اپنے مال کی حفاظت ممکن نہ ہو تو اس چور کو بھی قتل کر دے، اور اپنے اموال کی حفاظت کرے۔

۵: اگر کہیں پر ڈاکہ ڈالا گیا ہو اور حال یہ ہے کہ ڈاکوؤں کو قتل کے بغیر ان سے اپنے مال و دولت کو بچانا ممکن نہ ہو تو ان کو بھی قتل کر دے۔

۶: اگر کہیں ناحق ٹیکس یا چندہ زبردستی لیا جارہا ہو اور صورت حال یہ ہے کہ انہیں قتل کئے بغیر اپنے مال کو بچانا ممکن نہ ہو تو ان لوگوں کو بھی قتل کر دے۔

چہارم: قتل مسلم سیاست اور تعزیر کے تحت:

لفظ سیاست اور تعزیر ایک دوسرے کے مترادف ہیں۔ شریعت میں جن جرائم کی سزا متعین نہیں ہے ان جرائم کی سزا امام المسلمین، سلطان وقت اور شرعی قاضی کے فیصلے پر موقوف ہے۔ جہاں جتنا سزا دینا مناسب ہو وہاں اتنا ہی سزا دینا چاہئے۔ جتنی سزا سے مجرم کی روک تھام اور معاشرہ سے ہر قسم کی برائی، ظلم وزیادتی، بدامنی اور بدعنوانی کو ختم کر کے ایک صالح، معتدل اور پر امن انصاف پسند دینی معاشرہ برقرار رکھا جاسکے اتنے ہی سزا دینا چاہئے۔ البتہ ضرورت سے زیادہ سزا دینا بھی جائز نہیں ہے۔ اور اس طرح کے سزا دینے میں بھی چند حدود اور قاعدے، قانون ہے۔ اگر اللہ تعالی کی مشیت ہو تو حدود اور تعزیر کے موضوع پر مستقل رسالہ تیار کرنے کا ارادہ ہے۔ وہاں پر ان شاء اللہ اس مسئلے کو کچھ تفصیل سے ذکر کرونگا۔

قتل کے ذریعے بھی تعزیر ہو سکتی ہے۔ عام طور پر اسے "القتل سیاسۃ" یعنی سیاسی قتل کہا جاتا ہے۔ جن جرائم کی سزا متعین نہیں ہے، البتہ وہ جرائم ایسے ہیں کہ جس کا اثر دوسروں پر پڑتا ہے۔ سماجی زندگی اس سے تباہ ہو جاتی ہے، سماج و معاشرہ میں بدامنی پھیلتی ہے، تو ان جرائم کی سزا میں قتل کی اجازت ہے۔ جب ایسے جرائم لوگ بار بار کرنے لگے تو اس وقت اسے قتل کر دینے کا حکم ہے۔ اسی طرح جو لوگ دینی ماحول کو برباد اور بگاڑنے میں لگے ہیں، جن سے دین میں بگاڑ اور گمراہی پیدا ہونے کا اندیشہ ہو تو انہیں بھی قتل کرنے کی اجازت ہے۔

الغرض جو لوگ معاشرہ مین دینی یا دنیاوی اعتبار سے فساد اور بگاڑ پیدا کرنے میں لگے ہیں ان لوگوں کو قتل کر دیا جائے گا۔ اگرچہ وہ مسلمان ہو، نماز وروزہ سمیت دیگر تمام عبادت کے پابند ہوتب بھی۔

کتاب وسنت میں فساد پھیلانے والوں کے بارے میں قتل کا حکم وارد ہوا ہے۔

اللہ تعالی فرماتے ہیں:

مِنْ اَجْلِ ذٰلِكَ كَتَبْنَا عَلٰى بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ اَنَّهٗ مَنْ قَتَلَ نَفْسًا بِغَيْرِ نَفْسٍ اَوْ فَسَادٍ فِي الْاَرْضِ فَكَاَنَّمَا قَتَلَ النَّاسَ جَمِيْعًا ۭ وَمَنْ اَحْيَاهَا فَكَاَنَّمَآ اَحْيَا النَّاسَ جَمِيْعًا ۭ وَلَقَدْ جَاۗءَتْهُمْ رُسُلُنَا بِالْبَيِّنٰتِ ۡ ثُمَّ اِنَّ كَثِيْرًا مِّنْهُمْ بَعْدَ ذٰلِكَ فِي الْاَرْضِ لَمُسْرِفُوْنَ

”اسی سبب سے، لکھا ہم نے بنی اسرائیل پر کہ جو کوئی قتل کرے ایک جان کو بلا عوض جان کے یا بغیر فساد کرنے کے ملک میں تو گویا قتل کر ڈالا اس نے سب لوگوں کو اور جس نے زندہ رکھا ایک جان کو تو گویا زندہ کر دیا سب لوگوں کو اور لا چکے ہیں ان کے پاس رسول ہمارے کھلے ہوئے حکم بہت لوگ ان میں سے اس پر بھی ملک میں دست درازی کرتے ہیں“

[سورۃ مائدۃ:۳۲]

اس آیت کریمہ سے یہ بات ثابت ہوتی ہے کہ کوئی کسی کو قتل کرنے سے اسکے بدلے میں اسے بھی قتل کر دیا جائے گا۔ اسی طرح جو زمین میں فتنہ وفساد پھیلاتا ہے اسے بھی قتل کر دیا جائے گا۔

امام جصاص رحمۃ اللہ علیہ(۳۷۰ھ) ارقام کرتے ہیں:

فكان في مضمون الآية إباحة قتل المفسد في الأرض.اه۔

ترجمہ: یہ آیت بتارہی ہے کہ زمین میں فساد پھیلانے والوں کو قتل کرنا حلال ہے۔

(احکام القرآن: ج۲ص۵۰۵)

دینی اور دنیاوی دونوں طرح کے فساد اس آیت سے مراد ہے۔

دنیاوی فساد: جیسے، چوری، ڈاکہ، لٹ ومار، قتل، زنا، جادووغیرہ کے ذریعے سماج میں فتنہ وفساد پھیلانا۔ عوام کی زندگی کو تباہ وبرباد کر دینا۔

دینی فساد: جیسے، الحاد، زنادقہ، لادینیت، بدعت وغیرہ کے نشر واشاعت کرنا۔

ان دونوں قسم کے فساد پھیلانے والوں کو قتل کرنے کی اجازت ہے اگر بغیر قتل کے ان کے فساد روکنا ممکن نہ ہو۔ اور اس طرح کے قتل کو ”سیاسی قتل“ کہتے ہیں۔

سیاست کسے کہتے ہیں؟

امید ہے کہ ماقبل کے بیان سے سیاست کے بارے میں تھوڑا بہت اندازہ تو ضرور ہو گیا ہو گا۔ البتہ سیاست کا دائرہ بہت وسیع ہے۔ یہ سیاست صرف قتل تک ہی منحصر نہیں ہے۔ اسی طرح صرف کسی ایک جرم میں ہی اس کا انحصار نہیں ہے۔ سیاست ہر ایک امور کے ساتھ منسلک ہے۔ معاشرہ میں امن و امان برقرار رکھنے کیلئے جتنے بھی اقدامات اٹھانا ضروری ہے ایسے سبھی چیزوں کو سیاست کہی جاتی ہے۔ البتہ شرط یہ ہے کہ وہ شریعت کے دائرے کے باہر نہ ہو۔ شریعت کے خلاف ہونے سے اسے اسلامی یا شرعی سیاست نہیں کہی جائے گی، بلکہ وہ ظلم میں شمار ہو گی، جسے اللہ نے حرام قرار دیا ہے۔

علامہ ابن قیم رحمۃ اللہ علیہ (۷۵۱ھ) ابن عقیل رحمۃ اللہ علیہ (۵۱۳ھ) سے سیاست کی یہ تعریف نقل کرتے ہیں:

"السياسة ما كان فعلا يكون معه الناس أقرب إلى الصلاح وأبعد عن الفساد وإن لم يضعه الرسول ﷺ ولا نزل به وحي. اهـ"

ترجمہ: سیاست کہتے ہیں ایسے اقدامات اور طریقہ کار کو جس کے ذریعے انسان خیر و بھلائی کے بہت نزدیک اور شر و برائی سے بہت دور رہتے ہیں۔ اگرچہ اسے حضور ﷺ نے نہیں بتایا اور نہ ہی اس کے متعلق کوئی وحی نازل ہوئی ہے۔

(الطرق الحکمیہ: ص:۱۷)

مقصد: اگرچہ اس کے متعلق حضور ﷺ سے صراحۃ کوئی راہنمائی نہیں ہے اور نہ ہی اس کے متعلق کوئی وحی نازل ہوئی ہے، اس کے باوجود شریعت کی بنیادی اصولوں کا یہی دعوی ہے۔ یعنی جن امور کے متعلق شریعت کی صراحۃ کوئی راہنمائی نہیں ہے۔ ان امور میں شریعت کے تمام بنیادی اصولوں کی روشنی میں فیصلے لینے کو سیاست کہتے ہیں۔ البتہ اگر وہ فیصلے شریعت کے کسی واضح حکم کے خلاف ہو یا شریعت کے بنیادی اصولوں سے ٹکراتا ہو تو وہ اب اسلامی سیاست نہیں کہلائے گا، بلکہ ظالم سیاست کہلائے گا۔

علامہ ابن قیم رحمۃ اللہ علیہ (۷۵۱ھ) ارقام کرتے ہیں:

"فإن السياسة نوعان: سياسة ظالمة فالشريعة تحرمها، وسياسة عادلة تخرج الحق من الظالم الفاجر فهي من الشريعة. اهـ"

ترجمہ: سیاست کی دو قسمیں ہیں:

۱: ظالم سیاست، شریعت اسے حرام قرار دیتی ہے۔

۲: عادل یعنی انصاف پسند سیاست جو ظالم اور مجرموں سے انصاف دلاتا ہے۔ اور یہ شریعت میں داخل ہے۔

(الطرق الحکمیہ: ص: ۱۰)

علامہ موصوف نیز فرماتے ہیں:

"فلا يقال إن السياسة العادلة مخالفة لما نطق به الشرع بل هي موافقة لما جاء به بل هي جزء من أجزائه ونحن نسميها سياسة تبعا لمصطلحهم وإنما هي عدل الله ورسوله. اهـ"

ترجمہ: چنانچہ اس بات کی کوئی گنجائش نہیں ہے کہ انصاف پسند سیاست شریعت کے خلاف ہے۔ بلکہ ایسی سیاست شریعت کے عین مطابق ہے۔ بلکہ یہ شریعت کے ہی ایک جزو ہے۔ اگرچہ ہم اسے تم لوگوں کی اصطلاح کے مطابق "سیاست" کہتے ہیں، پر یہ اللہ اور اس کے رسول ﷺ کی طرف سے دیئے گئے انصاف پسند قانون ہے۔

(الطرق الحکمیہ: ص: ۱۸)

چنانچہ من گھڑت قانون اور فیصلے کا نام اسلامی سیاست نہیں ہے۔ بلکہ شرعی اصول وضوابط کی روشنی میں لئے گئے فیصلے کا نام اسلامی سیاست ہے۔ اور اگر وہ فیصلے شرعی اصولوں کے خلاف ہے تو وہ اسلامی سیاست نہیں ہے بلکہ ظلم اور حرام ہے۔

ابن عابدین رحمۃ اللہ علیہ (۱۲۵۲ھ) ارقام کرتے ہیں:

أشار كلام الفتح إلى أن السياسة لا تختص بالزنا وهو ما عزاه الشارح إلى النهر. وفي القهستاني: السياسة لا تختص بالزنا بل تجوز في كل جناية، والرأي فيها إلى الإمام على ما في الكافي ... فالسياسة استصلاح الخلق بإرشادهم إلى الطريق المنجي في الدنيا والآخرة. اهـ

ترجمہ: فتح القدیر کی تشریح اس طرف اشارہ کرتی ہے کہ سیاست صرف زنا تک محدود نہیں ہیں۔ قہستانی میں تصریح ہے کہ سیاست صرف زنا تک محدود نہیں ہے۔ بلکہ ہر جرائم میں اس کا استعمال جائز ہے۔ اس بارے میں فیصلے لینے کی ذمے داری امام المسلمین پر ہے۔ لھذا دنیا و آخرت کی کامیابی جس راستے پر ہے اس راستے کی طرف اہل دنیا کو راہنمائی کرنے کا نام سیاست ہے۔

(رد المحتار: ج۴ ص ۱۵)

امام المسلمین سے صرف ان کی ذات ہی مراد نہیں ہے بلکہ ان کی طرف سے مقرر کردہ سلطان، قاضی اور امیر و امرا سب ہی مراد ہے۔ ان تمام حضرات اپنے اپنے دائرے میں رہ کر سیاست شرعیہ نافذ کرسکتے ہیں۔

(ردالمختار: ج۴ص:۱۵)

سیاست کا دائرہ بہت ہی وسیع ہے۔ موقع کے لحاظ سے چند امور میں چند لوگوں پر شریعت کے دائرے میں رہتے ہوئے تھوڑے بہت نرمی برتنے کی گنجائش ہے۔ یہ بھی سیاست ہے۔ جیسے اسلامی فوج جب دار الحرب میں قیام پزیر ہو تو اس وقت حد قائم کرنے سے حدیث میں ممانعت آئی ہے۔ کیونکہ دار الحرب میں جنگ چلتے وقت ایک مسلمان سپاہی کی بہت زیادہ اہمیت اور ضرورت ہے۔ کسی مسلمان سپاہی کے ہاتھ یا پاؤں کاٹنے سے اسلامی فوج کی طاقت کم ہو جائے گی۔ اور کفار فوج کی طاقت و ہمت بڑھ جائے گی۔ اس کے علاوہ جس پر حد قائم کی گئی ہے غصے میں آکر وہ کفار فوج سے بھی جامل سکتا ہے۔ اور اس سے حد قائم کرنا نفع کے بجائے نقصان کا سبب بن جائے گا۔

اس لئے دار الاسلام میں واپسی تک حد قائم کرنے سے تاخیر کی جائے گی۔ اگرچہ ایسا کرنا ظاہرا قرآن کے حکم کے خلاف ہے۔ کیونکہ کتاب اللہ میں حدود اللہ کے قیام میں تاخیر کرنے کی بات نہیں ہے۔ لیکن شریعت کی بنیادی اصولوں کی روشنی میں یہی سیاست کا تقاضی ہے۔ کیونکہ اس تاخیر سے حد بھی قائم ہو رہی ہے اور ساتھ ساتھ جس نقصان کا اندیشہ تھا اسے روکنا بھی ممکن ہو پارہا ہے۔ اسی لئے یہاں پر حد قائم کرنے میں تاخیر کرنا ہی شریعت کا تقاضی ہے۔

بہر حال کہنے کا مطلب یہ ہے کہ شریعت کے دائرے میں رہتے ہوئے بعض موقعوں پر تھوڑا بہت نرمی اختیار کرنا بھی سیاست میں داخل ہے۔ اور کبھی سختی برتنا بھی سیاست میں داخل ہے۔ جیسے چور کی سزا، اگر پہلی دفعہ چوری کرے تو داہنے ہاتھ کاٹنا۔ اور اگر دوسری دفعہ چوری کرے تو بایاں پاؤں کاٹنا۔ یہ دو سزا حد میں داخل ہے۔ اسی لئے اس میں کوئی کمی و بیشی نہیں کی جائے گی۔ تیسری اور چوتھی دفعہ چوری کرنے سے کیا سزا دینا ہے؟ احناف کے نزدیک اس بارے میں شریعت میں کوئی سزا متعین نہیں ہے۔ اگر مناسب لگے تو جیل میں بند کر کے رکھ سکتے ہیں۔ یا پھر پہلے کی طرح بایاں ہاتھ و بایاں پاؤں کانٹ بھی سکتے ہیں۔ اور اگر مناسب معلوم ہو تو قتل بھی کرسکتے ہیں۔ اگرچہ چوری کی سزا قتل نہیں ہے۔ لیکن اگر تیسرے و چوتھے مرتبہ چوری کرے تو قتل کردینا ہی سیاست کا تقاضی ہے۔ کیونکہ اب وہ ایک عام چور نہیں رہا۔ بلکہ مفسد فی الارض یعنی زمین میں فساد پھیلانے والا بن گیا۔

اس کی وجہ سے عوام کے اموال خطرے میں ہے، اور یہ ایک فساد ہے۔ اور فساد پھیلانے والوں کے بارے میں قرآن میں قتل کا حکم آیا ہے۔ جیسا کہ تھوڑی دیر پہلے ما قبل میں ذکر کیا گیا۔ لہذا، تیسرے اور چوتھے مرتبہ چور کو قتل کر دینا شریعت کے خلاف نہیں ہے۔ بلکہ یہی شریعت کے اصول وضوابط کا تقاضی ہے۔ اس چور کے متعلق یہی اسلامی سیاست ہے۔

علامہ ابن عابدین رحمۃ اللہ علیہ (۱۲۵۲ھ) ارقام کرتے ہیں:

عرفها بعضهم بأنها: "تغليظ جناية لها حكم شرعي حسما لمادة الفساد"، وقوله: "لها حكم شرعي" معناه أنها داخلة تحت قواعد الشرع وإن لم ينص عليها بخصوصها؛ فإن مدار الشريعة بعد قواعد الإيمان على حسم مواد الفساد لبقاء العالم، ولذا قال في البحر: وظاهر كلامهم أن السياسة هي فعل شيء من الحاكم لمصلحة يراها وإن لم يرد بذلك الفعل دليل جزئي اهـ. وفي حاشية مسكين عن الحموي: السياسة شرع مغلظ، وهي نوعان: سياسة ظالمة فالشريعة تحرمها. وسياسة عادلة تخرج الحق من الظالم، وتدفع كثيرا من المظالم، وتردع أهل الفساد، وتوصل إلى المقاصد الشرعية فالشريعة توجب المصير إليها والاعتماد في إظهار الحق عليها، وهي باب واسع ...الخ اهـ

ترجمہ: بعضوں نے سیاست کی تعریف یہ بیان کیا ہے کہ "فتنہ وفساد کی جڑ کو ختم کرنے کیلئے جن جرائم کی سزا شریعت میں متعین ہے، ان میں سخت سزا کے بند وبست کرنا"۔ اس تعریف میں "شریعت میں متعین ہے" سے مراد یہ ہے کہ وہ سزا شریعت کے بنیادی اصول وضوابط سے ہی ماخوذ ہے۔ اگرچہ صراحۃ اس بارے میں شریعت کی کوئی واضح راہنمائی نہیں ہے۔ کیونکہ ایمان کے بنیادی امور کے بعد شریعت کا دار ومدار فساد کی جڑ کو ختم کرنے پر ہے۔ تاکہ دنیا انصاف پر قائم رہ سکے۔ اسی لئے "البحر الرائق" میں کہا گیا ہے کہ ائمہ کرام کی تصریحات کا خلاصہ یہ ہے کہ "سیاست" شرعی قاضی صاحبان کے وہ اقدامات اور قرار دادیں ہیں جو انہوں نے مصالح اور بھلائی کو مد نظر رکھتے ہوئے اختیار کیا ہے۔ اگرچہ ان اقدامات و قراردادوں کے بارے میں شریعت میں کوئی واضح دلیل موجود نہیں ہے۔

مسکین کے حاشیہ میں حموی رحمۃ اللہ علیہ سے نقل کیا گیا ہے کہ سیاست، سختی برتنے کا قانون ہے۔ اور وہ دو قسم پر ہے:

۱: ظالم سیاست، شریعت نے اسے حرام قرار دیا ہے۔

۲: عادل یعنی انصاف پسند سیاست جو ظالم سے مظلوم کے حقوق کو وصول کرتی ہے، مختلف قسم کے مظالم کو روکتی ہے، فسادیوں کو قابو میں رکھتی ہے، اور شریعت کے نصب العین اور مقاصد کو پورا کرنے میں مدد کرتی ہے۔ اسے اختیار کرنا اور حقوق کو ثابت کرنے کیلئے اس پر اعتماد رکھنے کو شریعت ضروری قرار دیتی ہے۔ اور یہ بہت ہی وسیع ایک موضوع ہے۔

(ردالمحتار: ج۴ص۱۵)

الغرض، جن امور کے متعلق شریعت میں کوئی واضح حکم نہیں ہے، ان امور میں شریعت کے تمام اصول وضوابط کو مد نظر رکھتے ہوئے فیصلے لینے کو اسلامی سیاست کہتے ہیں۔ شریعت کے دائرے میں رہتے ہوئے چند موقعوں پر تھوڑے بہت نرمی برتنا بھی سیاست ہے۔ اسی طرح فساد اور فسادیوں کی روک تھام کیلئے چند مقامات پر سختی برتنا بھی (یہاںتک کہ قتل کرنا بھی) سیاست ہے۔ سیاست ایک بہت ہی وسیع موضوع ہے۔ شریعت کے تمام امور اس میں داخل ہے۔

سیاسی قتل:

امید ہے کہ قارئین کو اوپر کی بحث سے یہ بات بالکل واضح ہوگئی ہے کہ بہت سے مقامات پر شریعت نے سیاست یا تعزیر کے تحت قتل کی اجازت دے رکھی ہے۔

الدرالمختار کے مصنف رحمۃ اللہ علیہ (۱۰۸۸ھ) ارقام کرتے ہیں:

ویکون التعزیر بالقتل. اھ

ترجمہ: تعزیر قتل کے ذریعے سے بھی ہوسکتی ہے۔

(الدرالمختار، (ردالمحتار کے ساتھ ج۴ص ۶۲)

